# Annex-A

## Punjab Education, Curriculum, Training & Assessment Authority

### تسریع التعلم پروگرام (ALP)

### برائے مضمون اُردو، جماعت نہم تعلیمی سیشن: 2025-26

اُردو لازمی برائے جماعت نہم کی درسی کتاب میں سے طلبہ کی سہولت کے پیشِ نظر چار اسباق حذف کیے جا رہے ہیں تا کہ طلبہ انیس کے بجائے پندرہ اسباق پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھرپور تیاری کر سکیں۔

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence

**حذف شدہ اسباق کی تفصیل :**

| | | | |
|---|---|---|---|
| حصہ نثر: | 1۔ ابتدائی حساب | از ابنِ انشا | صفحہ: 69 تا 76 |
| | 2۔ بھیڑیا | از فاروق سرور | صفحہ: 86 تا 93 |
| حصہ نظم: | 3۔ کرکٹ اور مشاعرہ | از دلاور فگار | صفحہ: 111 تا 117 |
| حصہ غزل: | 4۔ سُن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا | از خواجہ حیدر علی آتش | صفحہ: 122 تا 126 |

امتحانی بورڈ کے پرچہ مرتبین کے لیے لازم ہے کہ سوالیہ پرچہ ترتیب دیتے ہوئے درج بالا اسباق میں سے معروضی، انشائی و دیگر نوعیت کے سوالات میں سے کوئی سوال یا جز شامل نہ کریں۔

PECTAA

CamScanner

# امتحانی پرچہ اُردو لازمی برائے جماعت نہم (IX) کی تیاری کے لیے ہدایات

اُردو لازمی برائے جماعت نہم (IX) کا پرچہ 75 نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ معروضی طرز 15 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 20 منٹ ہوگا۔ انشائی طرز 60 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 2:10 گھنٹے ہوگا۔

(نوٹ: مصنفین اور شعرا کے تعارف میں سے، بورڈ کے امتحان میں کسی قسم کا سوال نہیں پوچھا جائے گا۔)

پرچہ مرتبین درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:۔

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence

## معروضی طرز

| سوال | نمبر | ہدایات |
|---|---|---|
| **سوال:1**<br>کثیر الانتخابی سوالات<br>(MCQs) | 1x15=15<br>کل نمبر:15 | **حصہ درسی کتاب: اس حصے میں کل دس (10) سوالات ہوں گے۔**<br>• **مجوزہ حصہ نثر** میں سے سات (7) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ہر ایک سبق میں سے ایک سے زیادہ کثیر الانتخابی سوال نہ بنایا جائے۔<br>• **مجوزہ حصہ نظم** میں سے دو (2) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔<br>• **مجوزہ حصہ غزل** میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔<br>**حصہ قواعد: اس حصے میں کل پانچ (5) سوالات ہوں گے۔**<br>• **مذکر مؤنث** (اُردو قواعد و انشا: ص 13 تا 14) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔<br>• **واحد جمع** (اُردو قواعد و انشا: ص 15 تا 19) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔<br>• **مترادف الفاظ** (اُردو قواعد و انشا: ص 28 تا 29) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔<br>• **متضاد الفاظ** (اُردو قواعد و انشا: ص 29 تا 31) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔<br>• **محاورات** (اُردو قواعد و انشا: ص 52 تا 58) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ |

PECTAA

CS CamScanner

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence

# انشائی طرز

| سوال | نمبر | ہدایات |
|---|---|---|
| **سوال:2** اشعار کی تشریح (نظم + غزل) | 2x5=10<br>کل نمبر:10 | • مجوزہ پانچ (5) نظموں میں سے کوئی سی چار (4) نظموں کا ایک ایک شعر دیا جائے، جن میں سے کوئی سے تین (3) اشعار کی تشریح درکار ہے۔<br>• مجوزہ تین (3) غزلوں میں سے ہر غزل کا ایک ایک شعر دیا جائے، جن میں سے کوئی سے دو (2) اشعار کی تشریح درکار ہے۔ |
| **سوال:3** پیراگراف کی تشریح | کل نمبر:10 | • مجوزہ سات (7) نثری اسباق میں سے، پہلے چار اسباق (اخلاقِ حسنہ، اپنی مدد آپ، کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ اور نام دیو۔مالی) میں سے کوئی ایک پیراگراف اور باقی تین اسباق (آرام وسکون، کتبہ اور لڑی میں پروئے ہوئے منظر) میں سے کوئی ایک پیراگراف تشریح کے لیے دیا جائے۔ ہر پیراگراف کے کُل تین الفاظ/تراکیب کو خط کشید کیا جائے۔ دیے گئے دو پیراگراف میں سے کسی ایک کی تشریح درکار ہے۔نمبروں کی تقسیم حسبِ ذیل ہے:<br>☆ مصنف کا نام:1 نمبر ☆ خط کشیدہ الفاظ/تراکیب کے معنی:3 نمبر<br>☆ سبق کا نام:1 نمبر ☆ تشریح: 5 نمبر |

PECTAA

CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| **سوال:4**<br>مختصر سوالات کے جوابات | 2x5=10<br>کل نمبر:10 | • اس حصے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں جن میں سے پانچ (5) سوالات کے جوابات درکار ہیں۔<br>• حصہ نثر میں سے چار (4) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ سات (7) نثری اسباق میں سے، پہلے چار اسباق (اخلاقِ حسنہ، اپنی مدد آپ، کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ اور نام دیو۔ مالی) میں سے کوئی دو سوالات اور باقی تین اسباق (آرام وسکون، کتبہ اور لڑی میں پروئے ہوئے منظر) میں سے دو سوالات بنائے جائیں۔<br>• حصہ نظم میں سے دو (2) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ پانچ نظموں میں سے، تین نظموں (حمد، نعت اور محنت کی برکات) میں سے ایک سوال اور باقی نظموں (جاوید کے نام اور پیامِ لطیف) میں سے ایک سوال بنایا جائے۔<br>• حصہ غزل میں سے دو (2) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ تین شعرا (میر تقی میر، ناصر کاظمی اور پروین فنا سیّد) کی غزلوں میں سے کوئی سی دو غزلوں سے ایک ایک سوال بنایا جائے۔ |
| **سوال:5**<br>نثری سبق کا خلاصہ | کل نمبر:5 | • مجوزہ سات (7) نثری اسباق میں سے، پہلے چار اسباق (اخلاقِ حسنہ، اپنی مدد آپ، کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ اور نام دیو۔ مالی) میں سے کوئی ایک سبق منتخب کیا جائے اور باقی تین اسباق (آرام وسکون، کتبہ اور لڑی میں پروئے ہوئے منظر) میں سے کسی ایک سبق کا انتخاب کیا جائے۔ دیے گئے دو اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ درکار ہے۔ |
| **سوال:6**<br>نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال | کل نمبر:5 | • مجوزہ پانچ (5) نظموں میں سے کسی ایک کا خلاصہ یا کسی ایک کا مرکزی خیال پوچھا جائے۔<br>• مجوزہ تین نظموں (حمد، نعت اور محنت کی برکات) میں سے کسی ایک کا اگر خلاصہ پوچھا ہے تو باقی دو نظموں (جاوید کے نام اور پیامِ لطیف) میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال پوچھ لیا جائے۔ اسی طرح اگر مجوزہ تین نظموں (حمد، نعت اور محنت کی برکات) میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال پوچھا ہے تو باقی دو نظموں (جاوید کے نام اور پیامِ لطیف) میں سے کسی ایک کا خلاصہ پوچھ لیا جائے۔ |

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence

CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| **سوال:7** درخواست/خط | کل نمبر:10 | • مجوزہ حصہ قواعد میں شامل درخواستوں/خطوط میں سے کوئی ایک درخواست یا کوئی ایک خط لکھنے کو کہا جائے۔نمبروں کی تقسیم حسبِ ذیل ہے:<br>**برائے درخواست نویسی (اُردوقواعدوانشا:ص80 تا82):**<br>• طرزِتخاطب:1 نمبر، موضوع/عنوان:1 نمبر، جنابِ عالی!:1 نمبر، نفسِ مضمون:5 نمبر ،درخواست گزار کا نام و پتا:1 نمبر،تاریخ:1 نمبر<br>**برائے خط نویسی (اُردوقواعدوانشا:ص73 تا79):**<br>• مقامِ تحریر:1 نمبر، تاریخِ تحریر:1 نمبر،القاب وآداب:1 نمبر نفسِ مضمون:6 نمبر،مکتوب نگار کا نام و پتا:1 نمبر |
| **سوال:8** کہانی/مکالمہ | **کل نمبر:5** | • شاملِ نصاب کہانیوں (اُردوقواعدوانشا:ص 93 تا 103) اور مکالموں (اُردوقواعدوانشا: ص86 تا91) میں سے کوئی ایک کہانی یا کوئی ایک مکالمہ لکھنے کو کہا جائے۔ |
| **سوال:9** درستی/تکمیل | **کل نمبر:5** | • اس سوال میں اُردوقواعدوانشا میں شامل نصاب ''نے''اور''کو'' (اُردوقواعدوانشا:ص43 تا 44) کا استعمال،فعل کی فاعل سے مطابقت (اُردوقواعدوانشا:ص44)، اسم صفت اور اسم موصوف میں مطابقت (اُردوقواعدوانشا: ص 44) ، اسم ضمیر اور مرجع کی مطابقت (اُردو قواعدوانشا:ص45) میں سے چار(4) اجزا دیے جائیں گے۔<br>• ضرب الامثال (اُردوقواعدوانشا:ص58 تا61) میں سے تین(3) اجزا دیے جائیں گے۔<br>• دیے گئے سات(7) اجزا میں سے پانچ(5) اجزا کے جوابات درکار ہیں۔ |

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence
CamScanner

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence

# ماڈل پیپر

اُردو(لازمی) جماعت نہم (معروضی طرز) کل نمبر:15 وقت:20 منٹ

**1-کتاب کے متن کو مدِنظر رکھتے ہوئے درج ذیل کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں: 1x15=15**

(i) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی ساری زندگی قرآن مجید کی تھی:

(الف) تشریح (ب) تفسیر (ج) وضاحت (د) عملی تفسیر

(ii) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا خیال ہے کہ ملے کوئی:

(الف) خضر (ب) سخی (ج) حکمران (د) وزیرِ باتدبیر

(iii) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا:

(الف) آبِ حیات (ب) آبِ خنک (ج) آبِ حَیواں (د) آبِ زر

(iv) کلیم کے پیچھے جو شخص بھاگا، اُس کا نام تھا:

(الف) مرزا ظاہر دار بیگ (ب) مرزا زبردست بیگ

(ج) مرزا قوی بیگ (د) مرزا جان دار بیگ

(v) ڈاکٹر کے خیال میں مریض کو دوا سے زیادہ ضرورت تھی:

(الف) نیند کی (ب) تنہائی کی (ج) آرام و سکون کی (د) گپ شپ کی

(vi) شریف حسین کو تانگے میں سوار ہونے کا لُطف آتا تھا:

(الف) مہینے کے آخری روز (ب) مہینے کے ابتدائی روز (ج) مہینا بھر (د) مہینے کے وسط میں

(vii) مؤرخوں نے ہندوستان کا دروازہ کہا تھا:

(الف) لنڈی کوتل کو (ب) پشاور کو (ج) ہُنڈ کو (د) نوشہرہ کو

(viii) فضیلت، عزّت اور فرماں روائی کا حُصول ممکن ہے:

(الف) شُہرت سے (ب) وراثتِ اجداد سے

(ج) مال و دولت سے (د) محنت و مشقت سے

PECTAA
CS CamScanner

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence

(ix) ''سِفالِ ہند سے میناوجام پیدا کر'' سے علّامہ محمد اقبالؒ کی مراد ہے:

(الف) ظروف سازی (ب) اپنے وسائل پر اِنحصار (ج) مٹّی کو سونا بنانا (د) مٹّی کے برتن

(x) بقولِ میرؔ،''اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی'':

(الف) دوا (ب) شفا (ج) دُعا (د) وفا

(xi) ''فرنگن'' کا مذکر ہے:

(الف) فرنگ (ب) فرنگی (ج) فارنگا (د) اَفرنگ

(xii) ''مقالات'' کا واحد ہے:

(الف) قول (ب) قال (ج) مقولہ (د) مقالہ

(xiii) لفظ''آرائش'' کا مترادف ہے:

(الف) زیبائش (ب) فہمائش (ج) آفرینش (د) آزمائش

(xiv) ''عُروج'' کا متضاد ہے:

(الف) جمال (ب) کمال (ج) زوال (د) ہِلال

(xv) محاورہ''ٹس سے مس نہ ہونا'' کا مطلب ہے:

(الف) پریشان نہ ہونا (ب) ذرا بھی اثر نہ ہونا (ج) جگہ نہ چھوڑنا (د) بات نہ ماننا

PECTAA

CamScanner

اُردو(لازمی)　　جماعت نہم　　(انشائی طرز)　　کل نمبر: 60　　وقت: 2:10 گھنٹے

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔(حصہ نظم سے 3اور حصہ غزل سے 2اشعار منتخب کیجیے)　　2x5=10

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence

حصہ نظم:

(i) چھُوٹا جو سینۂ شبِ تارِ اَلست سے　　اُس نورِ اوّلیں کا اُجالا تُمھی تو ہو

(ii) نہال اِس گلستاں میں جتنے بڑھتے ہیں　　ہمیشہ وہ نیچے سے اُوپر چڑھتے ہیں

(iii) مَیں شاخِ تاک ہوں، میری غزل ہے میرا ثمر　　مِرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر

(iv) سونپ کر منصبِ آدمیّت مجھے　　تُو نے بخشی ہے اپنی خلافت مجھے

حصہ غزل

(v) نہ دیکھا غمِ دوستاں، شُکر ہے　　ہمیں داغ اپنا دِکھا کر چلے

(vi) مَیں خزاں کی شام ہُوں　　رُت بہار کی ہے تُو

(vii) تم ہی واقف نہ تھے آدابِ جفا سے ورنہ　　ہم نے ہر ظلم کو ہنس ہنس کے سہارا ہوتا

3۔ درج ذیل نثر پاروں میں سے کسی ایک کی تشریح لکھیے۔سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ/ تراکیب کے معانی بھی تحریر کیجیے۔　　1+1+3+5=10

(الف) رفتہ رفتہ نیچر کی گردش نے موجودہ نسل کو اس زرخیز اور بے بہا جائیداد کا وارث کیا ہے جو ہمارے پُرکھوں کی ہوشیاری اور محنت سے مہیّا ہوئی تھی اور وہ جائیداد ہم کو اس لیے نہیں دی گئی ہے کہ ہم صِرف مثلِ مارِ سرِ گنج اس کی حفاظت ہی کیا کریں، بلکہ ہم کو اس لیے دی گئی ہے کہ اس کو ترقّی دیں اور ترقّی یافتہ حالت میں آیندہ نسلوں کے لیے چھوڑ جاویں، مگر افسوس صد ہزار افسوس کہ ہماری قوم نے ان پُرکھوں کی چھوڑی ہوئی جائیداد کو بھی گرا دیا۔

(ب) اِس میں شک نہیں کہ حسن ابدال رونق کی اور عبرت کی جا ہے۔ دونوں طرف انگریزوں کے زمانے کے اونچے اونچے درخت، دُور تک سبزہ، نالیوں میں بہتا ہوا چشمے کا شفاف پانی، اِدھر اُدھر پرانی عمارتیں اور مسجدیں۔ ایک طرف سکھوں کا مشہور گُردوارہ پنجہ صاحب اور دوسری طرف بابا ولی قندھاری کی چِلّہ گاہ۔ کشمیر کی طرف مُڑ جانے والی سڑک پر کسی مغل بی بی کی قبر۔ کوئی کہتا ہے کہ اکبر کی بیٹی لالہ رُخ تھی۔ وہ یہاں عالمِ شباب میں مر گئی تھی، بعد میں طامس مور نے اپنی ایک نظم میں اُسے زندہ کر دیا۔

CS CamScanner

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 2x5=10

(i) مسجدِ نبوی کی تعمیر اور خندق کے کھودنے میں رسالت مآب خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کیا کردار ادا کیا؟

(ii) سبق ''نام دیو۔مالی'' کے مطابق نیکی اور بڑائی کا معیار کیا ہے؟

(iii) شریف حسین نے سنگِ مرمر کے نفیس ٹکڑے کا استعمال کیا سوچا تھا اور وہ کس کام آیا؟

(iv) پاکستان کے شہر اٹک کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

(v) مولانا حالی کے بقول، اگر جوہرِ مخفی کی خبر نہ لی گئی تو کیا ہوگا؟

(vi) شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے کلام کا منظوم اُردو ترجمہ کس نے کیا؟

(vii) میر تقی میرؔ کے نزدیک ''حقِ بندگی'' کس طرح ادا ہوا ہے؟

(viii) شاعرہ پروین فنا سیّد کو طوفان میں سفینہ اُتارنے کی شدید خواہش کیوں ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے: 5

(الف) نام دیو۔مالی (ب) کتبہ

6۔ نظم ''محنت کی برکات'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ یا 5

نظم ''جاوید کے نام'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

7۔ اپنے تعلیمی ادارے کے سربراہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔ یا 10

اپنے چچا جان کے نام خط لکھیے جس میں چچی جان کی بیماری پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے مزاج پُرسی کی جائے۔

8۔ ''دودھ میں پانی'' کے عنوان سے ایک سبق آموز کہانی لکھیے۔ یا 5

مریض اور ڈاکٹر کے درمیان علاج معالجے سے متعلق ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ (5) اجزا کی درستی/تکمیل کیجیے: 5

(i) عزیز نے گلاس کو توڑا۔

(ii) عورتوں نے کہا ہم آ گئی ہیں۔

(iii) اس نے کراچی جانا ہے۔

(iv) شانزہ نے کاپی اور قلم خریدا اور اُسے اپنے بیگ میں رکھا۔

(v) ایک انار ------------

(vi) جیسا دیس ----------

(vii) ناچ نہ جانے ---------

CamScanner